اس پروگرام کو تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

نام کتاب ———— پاکستان میں مسیحیت

مؤلف ———— ڈاکٹر محمد نادر رضا صدیقی ایم ۔ اے ۔ پی ایچ ڈی ۔

ناشر ———— مسلم اکادمی ۱۸/۲۹ محمد نگر ۔ علامہ اقبال روڈ ۔ لاہور ۵

صفحات و سائز ———— ۵۲۰ صفحات ۔ بڑا کتابی سائز ۔ سفید کاغذ ۔ عمدہ طباعت مجلد ۔ دو رنگہ گرد پوش ۔

قیمت ———— ۴۰ روپے

"پاکستان میں مسیحیت" ایک علمی تحقیق اور اس موضوع پر مکمل کتاب معلومات جامع انسائیکلو پیڈیا ہے ۔ یہ مبسوط کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے (۱) مسیحیت کیا ہے (۲) مسیحی عقائد کیا ہیں (۳) مسیحی مشنز اور ان کا جائزہ (۴) پاکستان میں نفوذ مسیحیت کے اسباب (۵) پاکستان میں فروغ مسیحیت کے طریقے (۶) مسیحی مشنز فرقے اور ادارے ۔

ہر باب کے ذیلی عنوانات اور متعدد فصلیں ہیں ۔ کتاب کی جامعیت کا اندازہ اس امر سے بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے عنوانات کی مجموعی تعداد تین صد کے قریب ہے ۔ جن میں سے ہر عنوان اپنی جگہ ایک مستقل افادی حیثیت کا حامل ہے ۔ البتہ بعض مضامین کی تکرار طبیعت پر گراں گزرتی ہے ۔

کتاب کے آخر میں ایک دو نہیں تینتیس عدد نہایت اہم معلومات افزا اور فکر انگیز ضمیمے اور نقشے شامل ہیں ۔ کتاب کا یہ حصہ گویا پوری کتاب کا نچوڑ ہے ۔ ان میں سے چند ایک کے عنوان یہ ہیں ۔

مسیحی آبادی ۔ عہد بعہد اور اس کا تجزیہ ۔ پاکستان کی مسیحی علاقائی تقسیم ۔ پاکستان میں ملکی اور غیر ملکی مشنوں کی فہرست ۔ مشنز کے غیر ملکی ہیڈ کوارٹرز ، پاکستان میں گرجے ۔ مسیحی مشنری ادارے ، سکول، کالج یتیم خانے ، ہوسٹل ، ہسپتال ۔ مسیحی اخبارات اور رسالے اور پریس ۔ پاکستان میں قائم شدہ بائیبل خط و کتابت سکولز وغیرہ ۔

کتاب کے آغاز میں حافظ نذر احمد پرنسپل شبلی کالج لاہور کا تحریر کردہ معلومات افزا پیش لفظ ہے موصوف اس موضوع پر برسوں سے کام کر رہے ہیں ۔ یہ صفحات ان کا حاصل مطالعہ اور مستقبل کے پروگرام کا نچوڑ ہے ۔

ہم سفارش کریں گے کہ ہمارے علماء اور مبلغ اولین فرصت میں اس کتاب کا مطالعہ کریں ۔ دینی مدارس کے طلبہ کو کتاب کے اہم ابواب سبقاً سبقاً پڑھائے جائیں ۔ اس کے علاوہ ہر صاحب فکر اور درد ملت رکھنے والے